نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت چاول کی صوبائی مینجمنٹ کمیٹی کے اجلاس کا زراعت ہاؤس لاہور میں انعقاد

رواں سال صوبہ میں چاول کی کاشت کا ہدف 50 لاکھ ایکڑ مقرر: سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو

لاہور:03 جولائی 2025: سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت چاول کی صوبائی مینجمنٹ کمیٹی کا لاہور میں اجلاس منعقد ہوا۔اس موقع سیکرٹری زراعت پنجاب نے کہا کہ رواں سال صوبہ میں چاول کی کاشت کا ہدف 50 لاکھ ایکڑ مقرر کیا گیا ہے۔انھوں نے مزید کہا کہ چاول کی کوالٹی اور پیداوار میں اضافہ کیلئے حکمت عملی تیار ہو چکی ہے۔علاوہ ازیں، چاول کے برآمدی معیار کی پیداوار کے حصول کیلئے کاشتکاروں کی فنی رہنمائی کی جارہی ہے۔اجلاس میں سیکرٹری زراعت پنجاب نے چاول کی برآمد میں اضافہ کیلئے طویل المدتی حکمت عملی تیار کرنے کی ہدایت کی۔انھوں نے کہا کہ دھان کی جدید مشینی برداشت عصر حاضر کا تقاضا ہے۔ہائی ٹیک مشینری کے لیے حکومت پنجاب کے تحت کاشتکاروں/ اسٹیک ہولڈرز کو سہولیات فراہم کر رہی ہے دھان کی فصل پر زرعی زہروں کا محفوظ استعمال یقینی بنایا جارہا ہے۔چاول کی برآمدات میں اضافہ کے لیے یوروفنز لیب کا قیام اہم سنگ میل ہے۔

اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری زراعت ٹاسک فورس پنجاب محمد شبیر احمد خان، ڈائریکٹر جنرلز زراعت چوہدری عبدالحمید، نوید عصمت کاہلوں، ڈاکٹر عبدالرحمان، ڈاکٹر عامر رسول سمیت رائس ایکسپورٹر ایسوسی ایشن کے نمائندگان نے شرکت کی

☆☆☆☆